© rasailojaraid.com



محمد عبداللہ اور احقر مختلف موضوعات پر ان کو لیکچر دیتے رہے ۔ پروگرام کے اختتام پر گروپ کے چیئرمین جناب مقبول حسین صاحب نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ : حضرت شیخ الحدیث کے درس حدیث اور دارالعلوم کے اساتذہ کے لیکچرز سے ہمیں پہلی بار یہ محسوس ہوا کہ اللہ کے نام اور دین کے کام میں بڑی تاثیر ہے ۔ اور اسلام کے ہمہ گیر نظام عدل کے مقابلہ میں دنیا کے تمام نظام ہائے سلطنت ہیچ ہیں ۔

**واردین** ۲۴ / اپریل — جہاد افغانستان کی مرکزی قیادت کے رہنما جناب مولانا فضل علی صاحب مجددی اور جبهہ نجات ملی کے سربراہ جناب مولانا صبغۃ اللہ مجددی کے صاحبزادے الدکتور ذبیح اللہ مجددی ، مجاہدین کی ایک بڑی جماعت کے ساتھ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے ۔ دفتر اہتمام میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ سے ملاقات کی ۔ جہاد افغانستان کی موجودہ صورتحال اور دیگر کئی اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا ۔

۲۸ / اپریل — پاکستان کے سابق وزیر تجارت اور مشرقی پاکستان کے سابق گورنر جناب خان غلام فاروق خان صاحب دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے ۔ حضرت شیخ الحدیث سے ملاقات کی اور بعض اہم امور پر تبادلہ خیال کیا ۔ کیا ۔

## متفرقات

۲۱ / اپریل کو حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے موضع رشیدو کے دارالعلوم ربانیہ کے سالانہ جلسہ میں شرکت کی اور دعا فرمائی ۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے اس مقام کی مناسبت سے جہاد سید احمد شہیدؒ پر روشنی ڈالی ۔ حضرت شیخ الحدیث نے فرمایا کہ جہاد افغانستان عین کفر اور ایمان کی جنگ ہے ● ۲۵ / اپریل کو مولانا سمیع الحق وفاقی شرعی عدالت کی طرف سے مولانا مفتی ولی حسن اور مولانا محمد ادریس میرٹھی صدر وفاق وغیرہ پر دائر کردہ مقدمہ کے سلسلہ میں اسلام آباد گئے عدالت کے اختتام تک عدالتی کاروائی کو دیکھا اسی روز شام کو آپ نے اسلام آباد ہوائی اڈہ پر سعودی عرب کے شیخ عبداللہ الزائد کا استقبال بھی کیا ● دارالعلوم کا تعلیمی سال اختتام پر ہے امتحانات کی تیاریاں ہر شعبہ میں زور و شور سے جاری ہیں ۔

منہاج السنن شرح جامع السنن للترمذی از مولانا مفتی محمد فرید صاحب مفتی اعظم دارالعلوم حقانیہ ——— کی جلد اول ختم ہو چکی تھی ۔ اب کتاب کا دوسرا ایڈیشن دستیاب ہے ۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com